"ریڈیو وریٹس" اپنی بیسویں سالگرہ مناتا ہے

ریڈیو وریٹس (VERITAS) جس کے صدر دفاتر منیلا (فلپائن) میں ہیں۔ ایشیا میں چرچ کا اہم ترین ریڈیو سٹیشن ہے۔ یہ ریڈیو، جو تبلیغی، مذہبی اور انسانی ترقی کے مقاصد کے لیے 1969ء میں قائم کیا گیا تھا، اس وقت دنیا کی نصف آبادی اور تمام مذاہب ثقافتوں اور روایتوں کے افراد کے ساتھ مکالمہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

ریڈیو وریٹس نے 11 اپریل 1989ء کو اپنی بیسویں سالگرہ منائی۔ اس نے اپنی نشریات کا آغاز تین زبانوں میں کیا تھا۔ اس وقت یہ 21 ممالک کے لیے 16 زبانیں استعمال کر رہا ہے۔ حال ہی میں روس کے ایشیائی حصے کے عوام کے لیے اس نے روسی اور یوکرینی دو نئی زبانوں میں اپنے پروگرام شروع کئے ہیں۔

مثال کے طور پر ریڈیو وریٹس پر برما کے لیے برمی زبانوں کاچن اور کارین میں 30، 30 منٹ کے دو پروگرام ہر روز نشر کرتا ہے تکنیکی آلات کے اخراجات اور عملے کی سماجی امداد کی وجہ سے مالی مشکلات کے پیش نظر ریڈیو وریٹس نے اپنے ادارے کو دو خود مختار حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ یعنی فلپائن کے لیے اندرونی پروگراموں پر مشتمل ہوم سروس اور بیرونی ممالک کے لیے اوورسیز سروس۔ یکم جنوری سے دونوں حصوں نے آزادانہ طور پر کام کرنا شروع کر دیا ہے۔

انٹرنیشنل فائڈز سروس کی رپورٹ کے مطابق ایشیائی ممالک کے لیے ریڈیو سروس کے جزوی اخراجات، پاپائی مشن سوسائٹی برائے اشاعت عقیدہ اور دیگر عیسائی امدادی تنظیمیں برداشت کرتی ہیں۔ ایشیا میں آج کل کیتھولکوں کے مجموعی طور پر 34 اور پروٹسٹنٹ کے 9 ریڈیو سٹیشن کام کر رہے ہیں۔ ہر ملک کے لیے ان کی تقسیم کچھ یوں ہے۔

ممالک	کیتھولک	پروٹسٹنٹ
انڈونیشیا	9	1
فلپائن	2	4
جنوبی کوریا	1	3
سری لنکا	-	1
تائیوان	2	-
کل	34	9